- غوثی نے بچوں کے ادب کے لئے بہت کام کیا: اسلم آزاد
- حکومت کے عطیات سے اردو کا بھلا نہیں ہونے والا: عبدالواحد انصاری
- بچوں کے ادب کے حوالے سے غوثی صاحب ہمیشہ یاد کئے جائیں گے: فخرالدین عارفی
- ”مسرت“ نے مجھے صحافی بنایا اور لکھنے کا شوق پیدا کیا: ریحان غنی

ادبی میگزین بھی نکالا تھا جس میں سہیل عظیم آبادی، شین مظفر پوری کے افسانوں کے ساتھ جوش ملیح آبادی کی نظم ایک ساتھ شائع ہوا کرتی۔ انہوں نے کہا کہ ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ کو وہ پٹنہ لائے جب گاندھی جی کا قتل ہوا تھا۔ اس کے بعد انہوں نے مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ میں داخلہ لیا اور بہار اڑیسہ اور جھارکھنڈ کو ملا کر اس وقت کے بہار سے انہوں نے فوقانیہ میں اعلیٰ مقام حاصل کیا۔ اس وقت پروفیسر عبدالمغنی بھی مدرسہ کے طالب علم ہوا کرتے اور جب انہوں نے پٹنہ کالج میں داخلہ لیا تو وہ بھی انکے پیچھے پیچھے پٹنہ کالج میں داخل ہو گئے۔ تعلیمی فراغت کے بعد مدرسہ میں ہی انگلش کے استاد ہو گئے اور حالات کچھ ایسے ہو گئے کہ پھر واپس دربھنگہ جانا پڑا دوبارہ قومی تنظیم کے بانی عمر فرید مرحوم نے انکو اپنے اخبار میں کام کرنے کیلئے پٹنہ لے لائے۔ اسی درمیان انہوں نے بچوں کی ایک میگزین 'مسرت' کے نام سے نکالا۔ اس وقت محض ۱۰ روپیہ انکی جیب میں تھا۔ مسرت کو جاذب نظر بنانے میں جس آرٹسٹ کا نام تھا تو وہ عبد الوہاب راہی تھے۔ جن کی سخت محنت کی وجہ سے مسرت پورے ملک میں مقبول ہو گیا۔ چونکہ دلی گورنمنٹ میں میری نوکری ہو گئی تو میں نے اس اخبار کو ساتھی کے مدیر ڈاکٹر خالد رشید صبا کے حوالے کیا

انہوں نے کہا کہ صرف سیمینار اور سمپوزیم سے اردو کی ترقی ممکن نہیں ہے۔ اسکول کی سطح پر اردو کے فروغ کی شدید ضرورت ہے۔ میں اکثر جب اپنے گاؤں جاتا ہوں تو اپنے علاقے کے اردو اسکول جاتا ہوں اور وہاں پوچھتا ہوں کہ یہاں اردو کی پڑھائی کیسی ہے تو جواب یہ ملتا ہے کہ اردو کے استاد تو ہیں اردو کی تعلیم نہیں ہوتی ہے جب تک اردو کے قاری کو پیدا کرنے کی کوشش نہیں ہوگی تب تک اردو کا مستقبل روشن نہیں کہا جا سکتا ہے۔ انہوں نے علمی مجلس بہار کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اعزاز کے مستحق نہیں تھے بہرحال انہوں جو عزت افزائی یہاں ہوئی ہے میں اسکے لئے تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ اپنے صدارتی خطبہ میں پروفیسر علیم اللہ حالی نے کہا کہ [illegible] صحافت۔ اردو ادب اور بچوں کے ادب کی ترویج کے سلسلے میں شاخ سے تعلق رکھنے والے جانثار ہمیشہ مظلوم ہی نظر آتے ہیں۔ وہ اردو کو بہت کچھ دیتے ہیں مگر اردو سے کچھ نہیں لیتے ایسا ہی نام غوثی صاحب کا بھی ہے۔ اردو ادب میں ریڈرشپ محدود ہوتی جا رہی ہے۔ بچوں کے ادب پر کوئی کام نہیں ہو رہا ہے۔ ہمارے ادیب بھی بچوں کے لئے کچھ لکھنا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں۔ اس موقع پر سابق وزیر ڈاکٹر خالد رشید صبا نے بھی سید ضیاء الرحمٰن غوثی کی خدمات کی ستائش کرتے ہوئے انکی آمد پر انکا تہہ دل سے استقبال کیا اور کہا کہ انہوں نے میرے اخبار ساتھی میں کام کیا تھا اور میں نے انکے اندر زبردست صلاحیتیں دیکھیں۔ دہلی میں جا کر بھی یہ عظیم آباد کے ہی رہے۔ انہوں نے اردو ادیبوں اور شاعروں سے اپیل کی ہے کہ وہ عصری تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی تخلیقات کو

کتاب کے حوالے سے جانے جاتے رہے ہیں۔
کے حوالہ سے انہوں نے نمایاں رول ادا کیا ہے۔ ا
مسرت میں ہی شائع ہوا تھا۔ جس میں تمنا ملک
آبادی، ریحان غنی جیسے اہم لوگوں کے مضامین
رہے۔ جب وہ سلطان گنج کے پولس کوارٹر میں رہا
اس وقت ان سے خوشگوار تعلقات ہوا کرتے۔ جب
بہار نمبر شائع کرنے کی تجویز دی۔ تو ایک طویل مضمو
ادب کے حوالہ سے غوثی صاحب نے لکھا تھا۔ بہا
کے سابق نائب صدر پروفیسر عبدالواحد انصاری
نفسیات کو سمجھے بغیر کوئی بھی ادب پختہ تصور نہیں کیا
صاحب نے اس نفسیات کو پکڑ کر ہی بچوں کے اد
سے زبردست خدمات انجام دئے ہیں۔ صرف
عطیات سے اردو کا بھلا نہیں ہونے والا۔ اردو
کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اعزازی نشست
کرتے ہوئے ڈاکٹر ریحان غنی نے سید ضیاء ال
حوالہ سے انکی خدمات پر مدلل روشنی ڈالی۔ انہوں
ضیاء الدین غوثی کے رسالہ 'مسرت' نے انہیں صحافی

اسٹیم ورکشاپ 13 فروری سے پٹنہ میں

پٹنہ (پریس ریلیز) امریکی سفارت خانہ کے زیر اہتمام منعقد اسٹیم ورکشاپ ۱۳ اور ۱۴ فروری کو پٹنہ میں ہوگا۔ دہلی میں واقع امریکی سفارت خانہ کے پبلک افیئرس سیکشن کے ربط سے دو مینن ان اسٹیم روڈ شو کیا جا رہا ہے۔ اس روڈ شو کے تحت نو ورکشاپ کا انعقاد ہوگا۔ اس سلسلے میں ٹیر ۱ درجہ کے شہر دہلی، کلکتہ، حیدرآباد اور درجہ ۲ میں شامل پٹنہ، کرنول اور علی گڑھ میں ورکشاپ ہوگا۔ ہند و امریکہ باہمی ربط کے تحت اقلیتوں اور نا موافق زمرے کی خواتین کیلئے اسٹیم (STEM) تعلیمی اور تحقیقی مواقع کیلئے ایک بار پھر ہندوستان کے ۹ مقامات پر ورکشاپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ بہار سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر نسرین حق، صدر اور سی ای او، انقلاب انک، امریکہ کی زبردست زور پر پہلی بار یہ ورکشاپ بہار کی راجدھانی پٹنہ میں بھی منعقد ہونے جا رہا ہے۔ اسٹیم کا مطلب یہ ہے کہ سائنس ٹکنالوجی، انجینئرنگ اور میتھمس کے میدان میں اعلیٰ تعلیمی مواقع کیلئے لڑکیوں اور خواتین میں معاشی بڑھاوا اور ترقی میں تعاون اور بیداری پیدا کی جائے۔ اس پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ اطلاعات، تجربات اور مہارت کے ذریعہ فرد سے فرد کے درمیان ہندوستان اور امریکہ کے رشتہ کو مضبوط کیا جائے۔ ہندوستان میں یو ایس یونیورسٹی سے فارغین اور پروموشنگ ایجوکیشن یو ایس کے ذریعہ باہمی مشورہ کے ذریعہ ہندوستانی بچیوں کو امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بڑھاوا دیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ اسٹیم بیک گراؤنڈ کے اساتذہ کو بھی ٹریننگ کیلئے امریکہ لے جانے کا پروگرام ہے۔ پٹنہ میں ہونے والے ورکشاپ میں امریکہ کی یونیورسٹیوں سے منتخب لوگوں کی آمد ہو رہی ہے خاص طور اوہیو اسٹیٹ یونیورسٹی کا نام شامل ہے اور اس ورکشاپ میں شامل ہونے والی گریجویٹ بچیوں اور خواتین کا انتخاب کر کے امریکہ کی یونیورسٹیوں میں اسٹیم فیلڈ میں اعلیٰ تعلیم کیلئے ہر طرح سے تعاون دیا جائیگا۔ امید ہے کہ پٹنہ میں اس ورکشاپ میں اقلیتی طبقہ کے پسماندہ اور محروم طبقات کی ۳۵ بچیاں شامل ہونگی۔ پٹنہ کی خوش قسمتی ہوگی کہ اس ورکشاپ میں ڈاکٹر سلطانہ این ناہر، ڈاکٹر کرین ارونگ، ڈاکٹر اقبال کے پردھان جیسے لوگ شامل ہو رہے ہیں۔ پرنسپل ڈاکٹر میری جسی پرنسپل پٹنہ ویمنس کالج مہمان خصوصی ہونگی۔

अब सेफ्टी ऑफीसर बनना हुआ आसान
10+2/ITI/DIPLOMA/DEGREE/B.TECH
त्रों के देश व विदेश में नौकरी पाने का सुनहरा अवसर
loma in Industrial Fire & Construction Safety
NEBOSH Accredited Centre 717
सेफ्टी मैनेजमेंट
100% Job Guarantee
ised International Course Provider ■ Certified International Trainer
विशेष छूट के साथ प्रवेश शुरू, तुरंत सम्पर्क करें
INDIAN SAFETY SOLUTIONS
Ministry of HRD Govt. of India, Reg. No. D05403662
9570500574, 9162477476
S COMPLEX, 3RD FLOOR, OPP. PATNA UNIVERSITY, ASHOK RAJPATH, PATNA - 800006

100% Hallmarked Shop
RATNALAYA
JEWELLERS
رتنالیہ جویلر
aya Jewellers, 2 Hathwa Market, Patna - 04
Ph.- 0612 - 2675111 / 101
Toll Free : 1800 - 843 - 9009

OKING
PEN
جگہ پسند آنے کی گارنٹی
صرف مسلم بھائیوں کے لئے

رحیمیہ دواخانہ
گلستان محلہ نزد اسلامیہ ٹیچر ٹریننگ کالج، عیسیٰ پور روڈ، پھلواری شریف، پٹنہ
خادم الاطبا حکیم (ڈاکٹر) حافظ مولانا
محمد تجمل حسین قاسمی مظاہری
اوقات مطب
صبح 10.00 بجے سے 2.00 بجے دن تک
شام 4.00 بجے سے 8.00 بجے رات تک
07543943106

डारेक्ट मैट्रिक एवं इंटर करें
(आर्ट्स, साइंस, कॉमर्स)
स्टडी सेंटर सं0– 1042005
R.M. Academy
Amrakh, Muzaffarpur